سرمئی رنگ کی بیک گراؤنڈ والے الفاظ کے ساتھ ڈکشنری کی دستاویز میں اضافی اور مفید معلومات موجود ہیں

# سماجی بہبود
# متعلقہ اہم سوالات
# SERVEIS SOCIALS

## ابتدائی توجہ کیلئے سماجی خدمات
## SERVEIS BÀSICS D'ATENCIÓ SOCIAL PRIMÀRIA

## خصوصی توجہ کے معاملات
## ATENCIÓ ESPECIATLITZADA

### 1۔ جنسی مساوات کی پالیسی
### POLÍTIQUES D'IGUALTAT DE GÈNERE

### 2۔ بچوں اورنوجوانوں کیلئے سماجی پروگرام
### PROGRAMES SOCIALS D'INFÀNCIA I ADOLESCÈNCIA

### 4۔ معذورافراد کی مدد ورہنمائی
### ATENCIÓ A PERSONES DISCAPACITADES

## رضاکارانہ طور پر اپنے ملک واپس جانے کے خواہشمند تارکین وطن کیلئے کتلان پروگرام
## PROGRAMA DE RETORN VOLUNTARI D'IMMIGRANTS DES DE CATALUNYA (PREVICAT)

## کتلان امیگرنٹس اور ان کے لواحقین کی واپسی کیلئے امدادی پروگرام
## PLA D'AJUDA AL RETORN D'EMIGRANTS CATALANS I ELS SEUS DESCENDENTS

## سماجی بہبود کے ابتدائی توجہ کے مراکز

## SERVEIS BÀSICS D'ATENCIÓ SOCIAL PRIMÀRIA

### سوال: سماجی بہبود کی خدمات تک ہم کس طرح رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔؟

جواب۔ میونسپل کارپوریشن کے معلوماتی دفتر برائے شہریاں(**oficines d'atenció ciutadana dels ajuntaments**)اور کتلان حکومت 'جنرلیتات دے کتلونیا کے معلوماتی فون(**servei telefònic d'informació de la Generalitat**)**012** سے رابطہ کرنے پرہمیں مکمل معلومات مل سکتی ہیں کہ ہمارے علاقے میں سماجی بہبود کے ابتدائی توجہ کے مراکز(**Equips Bàsics d'Atenció Social i Primària, EBASP**) کہاں کہاں واقع ہیں اوران کے ایڈریس اورفون نمبرکون سے ہیں۔ان مراکز سے مدد حاصل کرنے کے لئے جانے سے پہلےضروری ہے کہ ہم ان سے ٹیلی فون کرکے ملاقات کا پہلے ٹائم لےلیں،کس دن اورکس وقت۔

### سوال: سماجی بہبود کی خدمات سے مستفید ہونے کیلئےہمارے پاس کون کون سے کاغذ ہوناضروری ہیں۔؟

جواب۔ سماجی بہبود کے سرکاری اداروں(**serveis socials**) کی خدمات (کارپوریشن ۔جنرلیتات۔مضافاتی کونسل )سے فائدہ اٹھانے کیلئےضروری ہے کہ ہمارے پاس ہماری شناختی دستاویز(پاسپورٹ یا ریذیڈنسی وغیرہ)موجود ہو۔متعلقہ علاقے میں اپنی رہائش کا اندراج موجود ہونا ہم عارضی طور پرمقیم افراد اس سے مستثنیٰ ہیں

بعض سہولتوں کیلئےکسی بھی کارپوریشن میں آپ کے رہائشی اندراج(**empadronament**) کیلئےایک مخصوص مدت کا پورا کرنا لازمی ہے۔

بعض مخصوص سہولیات اورمعاشی مدد کیلئےوہ بالغ تارکین وطن جن کاتعلق یورپی یونین کےممالک سےنہیں ان کے پاس ریذیڈنسی کارڈ(**permís de residència**)کا ہونا لازمی ہے۔چاہے وہ عارضہ ہو یا مستقل رہائشی اجازت نامہ۔اگرآپ کی ریذیڈنسی ختم ہوچکی ہےتواس کی تجدید کا سرٹیفکیٹ لگانا لازمی ہے۔جس میں یہ ثابت ہوکہ اس کی نئی ریذیڈنسی منظور ہوچکی ہے۔

نابالغ یاکم عمر تارکین وطن جواسپین کے علاقے میں موجود ہیں ان کومقامی بچوں کی طرح سماجی بہبود کی تمام سہولتوں سے مستفید ہونے کا پوراحق ہے۔

کسی غیرسرکاری سماجی تنظیم یا اواین جی سے رابطہ کرنے کیلئےآپ کے پاس کوئی بھی شناخت نامہ اوراپنی رہائش گاہ بارے معلومات فراہم کرنا ہی کافی ہوگا۔کیونکہ اس طرح سے وہ ایسے افراد کی مدد ورہنمائی کرنے کے قابل ہوتے ہیں جواس ملک میں غیر قانونی مقیم ہیں یا ان کے پاس ریذیڈنسی کارڈ نہیں

## خصوصی توجہ

## ATENCIÓ ESPECIALITZADA

### سوال: ہم کس طرح خصوصی توجہ حاصل کرسکتے ہیں۔؟

جواب۔ کسی بھی معاملے میں خصوصی توجہ سماجی بہبود کے ابتدائی توجہ کے مراکز کے ذریعے حاصل کی جاسکتی ہے یا دوسرے ذرائع جیسے تعلیمی اداروں یا سماجی تنظیموں کے ذریعے۔اس کے علاوہ خاص طبقہ کی خدمات کیلئےمخصوص ٹیلی فون نمبروں پرفون کرنے سےبھی آپ مدد حاصل کرسکتے ہیں۔

گھریلو تشدد کاشکارخواتین کیلئےفوری ہنگامی توجہ کا فون





(Línia d'atenció a les dones en situació de violència)

900 900 120

بچوں اورنابالغ افرادکیلئے جن کوفوری مددکی ضرورت ہویاان پرتشددکیا گیا ہو

(Telèfon de la infància en situació de risc social o maltractament)

900 300 777

نشے کےعادی افرادکی مددکیلئےفون

(Telèfon per a persones drogodependents)

93 412 04 12

## 1۔ خواتین وحضرات میں مساوات کی پالیسی

## POLÍTIQUES D'IGUALTAT DE GÈNERE

### سوال: اگرہم گھریلوتشددکاشکارہیں توایسی صورت میں ہمیں کیاکرناچاہئے ۔؟

جواب ۔ شہری حقوق اورخاندان بارے پالیسی کی ذمہ دارسیکرٹریٹ(Secretaria de Polítiques Familiars i Drets de Ciutadania) نےاس سلسلے میں متعددخدمات اورخاص طورگھریلوتشددکاشکارخواتین(violència de gènere) اوران کے بچوں کی مددکیلئے بہت سی خدمات کااہتمام کیاہوا ۔خصوصی توجہ کےمراکز(centres d'intervenció especialitzada) کاٹیلی فون 120 900 900 گھریلوتشددکاشکارخواتین کی مددکیلئے ہروقت موجود ہے۔جو 24 گھنٹے سال کے بارہ مہینے اورتیس دن اپنا کام کرتا ہے جہاں تمام خدمات بالکل مفت اورانتہائی رازداری کے ساتھ کیا جاتا ہے۔یہاں آپ کوتمام معلومات۔قانونی رہنمائی اوراس کے اظہارکاموقع ملتا ہے (گھریلوتشددکی کوئی بھی وجہ ہوآپ یہاں رابطہ کرسکتی ہیں ۔یہاں آپ کی سہولت کیلئے بہت سی زبانوں جیسے کتلان۔کستیانو۔فرانسیسی۔انگلش۔عربی اورروسی زبان )

ہسپانوی قانون کے مطابق فیملی ویزہ سےمتعلق آرٹیکل(reagrupament familiar) میں ایسی تمام خواتین جوگھریلوتشددکاشکارہوں جب ان کے حق میں عدالتی فیصلہ ہوجائےتووہ اپنی خودمختارریذیڈنسی حاصل کرسکتی ہیں۔اس سلسے میں مزیدمعلومات آپ مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے حاصل کرسکتی ہیں

http://www20.gencat.cat/portal/site/icdones/menuitem.4b491b5fa301c8a439a72641b0c0e1a0/?vgnextoid=704754f598c9b110VgnVCM1000000b0c1e0aRCRD&vgnextchannel=704754f598c9b110VgnVCM1000000b0c1e0aRCRD&vgnextfmt=default

### سوال: گھریلوتشددکاشکارخواتین سرکاری تحفظ کی جگہوں تک کیسےرسائی حاصل کرسکتی ہیں۔؟

جواب ۔ کارپوریشن یاعلاقائی کونسل کےسماجی بہبودبارےابتدائی توجہ کےمراکز کے ذریعےآپ خواتین کے تحفظ کیلئے بنائے گئےمراکزتک رسائی حاصل کرسکتی ہیں۔یہاں پر آپ کوبہت سی معلومات ورقانونی مددورہنمائی مل سکےگی

مثال کےطورپرسرکاری تحفظ کے مکانات۔دارلامان(casa d'acolliment) تک رسائی سماجی بہبودکےابتدائی مراکزکی سفارش پرہی ممکن ہے۔جہاں شہری حقوق اور

خاندان بارے پالیسی کی ذمہ دار سیکرٹریٹ (Unitat d'Actuacions en matèria de Violència Familiar) گھریلو تشدد کا شکار خواتین بارے قائم خصوصی یونٹ (Secretaria de Polítiques Familiars i Drets de Ciutadania) متفقہ طور پر متاثرہ خاتون کی رضامندی کے ساتھ ضرورت اور کیس کی نوعیت کا اندازہ لگاتے ہیں۔ اس کے علاوہ یہاں ماہرین کی ایک ٹیم موجود ہوتی ہے جو متاثرہ خاتون کی پوری طرح مدد کرتی ہے

### سوال: ان وسائل تک کون کون رسائی حاصل کر سکتا ہے؟

جواب۔ ایسی خواتین جو گھریلو تشدد کا شکار رہ چکی ہوں یا فی الحال اس کا شکار ہوں اور ان کے زیر کفالت بچے بھی ہوں۔ سماجی بہبود کے ابتدائی مراکز کی سفارش پر شہری حقوق اور خاندان بارے پالیسی کی ذمہ دار سیکرٹریٹ (Secretaria de Polítiques Familiars i Drets de Ciutadania) گھریلو تشدد کا شکار خواتین بارے قائم خصوصی یونٹ (Unitat d'Actuacions en matèria de Violència Familiar) متفقہ طور پر فیصلہ کرتے ہیں

## 2۔ بچوں اور نابالغ افراد کیلئے سماجی بہبود کے منصوبے

## PROGRAMES SOCIALS D'INFÀNCIA I ADOLESCÈNCIA

### سوال: عدم تحفظ اور گھریلو تشدد کا شکار بچے کیلئے کیا کیا جا سکتا ہے؟

جواب۔ فوری طور پر ہمیں بچوں کیلئے قائم ہنگامی ٹیلی فون (Telèfon de la infància ) پر رابطہ کرنا چاہیے

**900 300 777 یا 012**

یہ نمبر سال کے 365 دن اور چوبیس گھنٹے کام کرتا ہے اور یہاں آپ مندرجہ ذیل رہنمائی مل سکتی ہے

- عدم تحفظ یا گھریلو تشدد کے شکار بچے کے سلسلے میں کس طرح سے کام کرنا چاہیے
- ایسے نابالغ افراد یا بچے جنہیں مسائل کا سامنا ہو اور ان کے گھر والے ان پر توجہ نہ دیتے ہوں
- کسی بھی نابالغ فرد یا بچے کی رہنمائی اگر وہ کسی سرکاری ادارے یا عدالتی طور پر تحفظ حاصل کرنا چاہتا ہو
- اس سلسلے میں ثالثی اور رہنمائی کے اداروں کیلئے سفارش کرنا

اس کے علاوہ آپ اپنی متعلقہ کارپوریشن کے ابتدائی توجہ کے مرکز سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں جہاں وہ آپ کے کیس کو توجہ سے سنیں گے اور اس بارے بچے اور اس کے اہل خانہ کی سماجی و معاشی حالت کا اندازہ کریں گے اور اس بات کا فیصلہ کریں گے کہ تشدد کی اصل وجوحات اور اس کا ذمہ دار کون ہے۔ انتہائی سنگین معاملات کو فوری طور پر ان کے متعلقہ شعبہ جات کے حوالے کیا جاتا ہے۔ جنہیں بچوں اور نابالغ افراد کی خصوصی توجہ کی ٹیم (Equips d'Atenció a la Infància i l'Adolescència, EAIA) کہا جاتا ہے

## 4۔ معذور افراد کیلئے خصوصی توجہ کے مراکز

## ATENCIÓ A PERSONES DISCAPACITADES

### سوال: معذوری کے سرٹیفکیٹ (certificat de reconeixement de discapacitat) کیلئے کون درخواست دے سکتا ہے؟

جواب۔ ایسے تمام افراد جو کسی بیماری یا حادثے کی وجہ سے معذور ہو گئے ہیں اور وہ روزمرہ کا کام کرنے میں مشکلات کا شکار ہیں۔ اس سلسلے میں انہیں چاہیے کہ وہ معذور افراد کے

مرکز (Centre d'Atenció a persones Disminuïdes) سے رابطہ کریں جہاں معذوری بارے فیصلہ کرنے والی ماہرین کی کمیٹی (Equip de Valoració i Orientació) اس بات کا فیصلہ کرے گی کہ مذکورہ شخص کی معذوری کی کون سی حد میں آتے ہیں۔ 33 فیصد معذوری کو قانونی طور پر معذور تصور کیا جاتا ہےاور ایسا فرد بعض سہولتوں سے مستفید ہوسکتا ہے۔جیسے سرکاری فوائد۔ گاڑی کے ٹیکس کی سہولت۔مخصوص تعلیمی وروزگار کے مراکز یا معذور فرد کی مالی مدد وغیرہ تا کہ وہ کسی کی مدد کے بغیر زندگی گذار سکے

ضروری دستاویزات

- معذوری کا حد کا تعین کرنے کیلئے درخواست فارم
- ڈاکٹری رپورٹ
- ذاتی شناختی دستاویز۔ ریذیڈنسی کارڈ وغیرہ
- 16 سال سے کم افراد کیلئے فیملی بک یا پیدائشی سرٹیفکیٹ
- حکومت کی جانب سے جاری کردہ رہائشی اجازت نامہ

## رضاکارانہ طور پر اپنے ملک واپس جانے کے خواہشمند تارکین وطن کیلئے کتلان پروگرام

## PROGRAMA DE RETORN VOLUNTARI D'IMMIGRANTS DES DE CATALUNYA (PREVICAT)

### سوال: مذکورہ بالا پروگرام پریوی کات سے کون مستفید ہوسکتا ہے۔؟

جواب۔ ایسے تمام تارکین وطن جو رضاکارانہ طور پر اپنے ملک واپس جانا چاہتے ہوں اوران کے مالی وسائل اس بات کی اجازت نہ دیتے ہوں اس کے علاوہ مذکورہ افراد مندرجہ ذیل شرائط پر پورا اترتے ہوں

- جس وقت وہ درخواست دیں انہیں اسپین میں رہتے ہوئے کم از کم چھ ماہ ہو چکے ہو
- ان کی متعلقہ کارپوریشن میں ایمپادرونامنتو ہو چکی ہو
- وہ سماجی طور پر بالکل تنہا ہو چکے ہوں

مذکورہ بالا مدد کی درخواست دینے والے افراد کسی بھی موقع پر اپنی قانونی صورت تبدیل نہیں کرسکیں گے۔اس کے علاوہ امیگرنٹس کی بین الاقوامی تنظیم (Organització Internacional per a les Migracions) کو رضاکارانہ واپسی کیلئے دیئے جانے والے کوائف کسی بھی صورت میں کسی دوسرے مقصد کیلئے نہیں استعمال ہوسکیں گے کیونکہ جوکوائف جو ذاتی نوعیت کے ہوں قانون کی شق برائے رازداری( Llei de protecció de dades de caràcter personal ) کے تحت محفوظ ہوتے ہیں

<u>**مذکورہ بالا پروگرام پریوی کات سے مندرجہ ذیل افراد فائدہ نہیں اٹھا سکیں گے**</u>

<u>**(Queden exclosos del PreviCat)**</u>

- ۔ ایسے افراد جو درخواست دیتے وقت اسپین میں اپنا کم از کم قیام 6 ماہ ثابت نہ کرسکیں
- ۔ یورپی یونین کے باشندے یا دوسرے ممالک کے باشندے جن کے پاس یورپی کمیونٹی کی ریذیڈنسی ہو
- ۔ مراکش۔ الجزائر اور تیونس کے باشندے

ہ۔ایسے ممالک کے باشندے جو مسلح جدوجہد کا شکار ہیں جنہیں آ کنور ممالک ACNUR کہا جاتا ہے

ہ۔اگر کوئی شخص ڈبل قومیت رکھتا ہے اور اس کی ایک قومیت یورپی ملک کی ہے تو ایسی صورت میں اس کے کیس پر غور کیا جائے گا

ہ۔ایسے افراد جن کے بارے میڈیکل رپورٹ موجود ہو کہ وہ اکیلے سفر نہیں کر سکتے ۔اس سلسلے میں کوئی بھی تنظیم ریڈ کراس سے سفری مدد طلب کر سکتی ہے۔اس سلسلے میں مدد و رہنمائی کا ٹیلی فون نمبر 93.256.27.07 (بارسلونا) پر رابطہ کیا جا سکتا ہے

ہ۔اسی طرح کم عمر افراد جن کے ہمراہ کوئی نہ ہو۔اسی طرح سرپرست کے ساتھ جانے والے بچوں کیلئے الگ سے درخواست دینا ضروری ہے

ہ۔کم عمر بچے کے ساتھ جانے والے شخص کے پاس اگر بچے کی سرپرستی یا ساتھ جانے کا اجازت نامہ نہیں ہے تو اسے عدالتی طور پر اس بات کا حلف (fedatari) دینا ہو گا کہ وہ بچے کو گھر سے لے کر اس کے گھر تک کسی کے حوالے کر کے آئے گا۔

ہ۔اگر بچے کے والدین اکٹھے نہیں رہتے تو انہیں ایک مشترکہ اجازت نامہ دینا ہو گا جس میں وہ لکھیں گے کہ وہ بچے کو اس سفر کی اجازت دیتے ہیں

ہ۔اگر بچے کے والدین اصلی ملک میں رہتے ہیں تو انہیں لکھ کر دینا ہو گا کہ وہ بچے کو وصول کرنے کیلئے رضامند ہیں

ہ۔اگر بچے کے پاس اسپینش قومیت ہے تو بچے کے والدین کو اپنے ملک میں ہسپانوی سفارت خانہ سے رابطہ کرنا ہو گا تا کہ وہاں انہیں اس بات کی اجازت مل سکے۔ جب بچے کی ٹکٹ کا فیصلہ ہو جائے تو والدین کو فوری طور پر ہسپانوی قونصلر سے سفری دستاویز (document de viatge) حاصل کرنا چاہئے جس میں اس بچے کو متعلقہ ملک میں جانے کی اجازت ہو اور اس میں تاریخ کا تعین ہونا لازمی ہے

ہ۔کیوبا کے شہری تمام دستاویزات کے ساتھ ساتھ تازہ پاسپورٹ اور کیوبا قونصلیٹ سے سفری اجازت نامہ اور ٹرانزٹ کا لیٹر لانے کے پابند ہیں

## سوال: پریوی کات کی سہولت سے فائدہ اٹھانے کیلئے ہمیں کیا کرنا چاہئے؟

جواب ۔ اس کیلئے ہمیں اپنی متعلقہ کارپوریشن یا کسی ایسی سماجی تنظیم سے رابطہ کرنا چاہئے جن کے پاس کوالیفائیڈ سوشل ورکر موجود ہو۔ کیونکہ اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کیلئے خواہشمند ایک درخواست فارم پر کرتا ہے اور سماجی ورکر اس کے بارے میں ایک رپورٹ تیار کرتا ہے۔جس میں پریوی کات دیئے جانے بارے اپنی سفارش کرتا ہے۔

ان دستاویزات اور دیگر دستاویزات کے ساتھ کتالونیا میں امیگرنٹس کی بین الاقوامی تنظیم (Organització Internacional per a les Migracions) کے دفتر سے رابطہ کیا جاتا ہے جو سماجی بہبود و شہریت کے سیکرٹریٹ (Departament d'Acció Social i Ciutadania) کے ماتحت ادارے امیگریشن سیکرٹری (Secretaria per a la Immigració) کے دفتر میں موجود ہے۔جو ان دستاویزات پر نظر ثانی کرنے کے بعد اسے اس سلسلے میں قائم کمیٹی کے پاس بھیجتا ہے۔ جو اس بات کا مجاز ہے کہ درخواست کو قبول یا مسترد کر دے۔

اس کمیٹی کا اجلاس ہر مہینے ایک دفعہ ہوتا ہے۔ جہاں درخواستوں پر غور کیا جاتا ہے۔اگر کوئی کیس فوری توجہ کا حامل ہو تو کمیٹی کا ہنگامی اجلاس بھی بلایا جا سکتا ہے

جب مذکورہ کمیٹی کیس کی منظوری کا فیصلہ دے دے تو رضاکارانہ واپسی کے فارم پر حتمی دستخط کئے جاتے ہیں

## کتلان امیگرنٹس اور ان کے لواحقین کی واپسی کیلئے امدادی پروگرام

## PLA D'AJUDA AL RETORN D'EMIGRANTS CATALANS I ELS SEUS DESCENDENTS

## سوال: کتلان امیگرنٹس اور ان کے لواحقین کی واپسی کیلئے امدادی پروگرام سے کون لوگ مستفید ہو سکتے ہیں۔؟

جواب ۔ ایسے کتلان باشندے جو اس بات پر متفق ہوں کہ وہ کتلونیا میں اپنے پیشہ وارانہ ۔افرادی قوت کی خدمات رضاکارانہ طور پر ادا کرنے کو تیار ہیں اور وہ مندرجہ ذیل صورتحال میں ہوں

ہ۔ایسے ہسپانوی باشندے جنہوں نے کتلونیا میں رہائش اور انتظامی کام کیا ہو۔یا ان کی شریک حیات یا باقاعدہ تسلیم شدہ شریک حیات کا تعلق کتلونیا سے ہو





ہ۔ ہسپانوی باشندوں کے لواحقین جنہوں نے آخری مرتبہ کتلونیا میں رہائش اور انتظامی کام کیا ہو

ہ۔ ایسے افراد جو کتلونیا میں پیدا ہوئے ہوں اور بیرون ملک مقیم ہوں اور کسی وجہ سے انہیں کتلونیا چھوڑنا پڑا ہو یا نہیں نکال دیا گیا ہو

ہ۔ کتلان باشندوں کے تیسرے درجہ تک کے رشتہ دار جو کتلونیا میں رہائش کے ساتھ انتظامی کام کر چکے ہوں

کتلان امیگرنٹس اور ان کے لواحقین کی واپسی کیلئے امدادی پروگرام کیلئے مندرجہ ذیل دستاویزات کی ضرورت ہے

ہ۔ کتلونیا کی کسی بھی کارپوریشن میں رہائشی نام کا اندراج یا اس کی درخوست دی گئی ہو

ہ۔ کسی بھی دوسرے ملک میں کم از کم مسلسل تین سال یا غیر مسلسل پانچ سال تک رہائش پذیر ہوں۔ درخواست دینے پر ایسی صورت میں انہیں فوری طور پر مدد دی جا سکتی ہے

ہ۔ ان کی کم از کم عمر اٹھارہ سال سے زائد ہونا چاہیے

کتلان امیگرنٹس اور ان کے لواحقین کی واپسی کیلئے امدادی پروگرام کیلئے درخواست دینے کیلئے ہسپانوی قانون کے آرٹیکل 8 دفعہ 268/2003 کے تحت اس بات کا ثبوت دینا ہوگا کہ اس کے مالی وسائل ناکافی ہیں اور نہ ہی اس کی کوئی جائیداد ہے کہ وہ اپنی بنیادی ضروریات کو پورا کر سکے۔

## سوال: وطن واپسی پلان کیلئے مالی امداد سے کون مستفید ہو سکتا ہے۔؟

جواب۔ وطن واپسی پلان کیلئے سب سے پہلے وجوہات جاننا، مختلف دستاویزات پیش کرنا اور مندرجہ ذیل سفارشات پر غور کرنا ضروری ہوگا۔

1۔ دوسرے ملک سے واپسی سے پہلے آپ کا وہاں تین سال مستقل یا پانچ سال تک غیر مستقل قیام کا ہونا لازمی ہے (جن میں ابتدائی دو سال کو نکالا جا سکتا ہے)

کتلونیا میں مستقل طور پر واپس آنے کیلئے مندرجہ ذیل دفتری کاروائی پوری کرنا لازمی ہوگا

۔ جس ملک میں آپ رہ رہے ہیں وہاں کے ہسپانوی سفارتی دفتر (سفارت خانہ، قونصلیٹ) میں متعلقہ ملک میں رہائشی کے طور پر اپنے نام کا اخراج لازمی ہے۔ اس کے علاوہ متعلقہ سفارت خانہ یا قونصلیٹ وہاں آپ کے رہائش بارے سرٹیفکیٹ جاری کرے گا۔ تاہم اگر آپ نے متعلقہ سفارتی دفتر میں اپنے نام کا اندراج نہیں کروایا تو اس ملک میں اپنی رہائش کا دوسرا ثبوت پیش کرنا ہوگا۔ اس بات کا فیصلہ وطن واپسی پلان کیلئے مالی امداد کا دفتر کرے گا کہ اسے وہ دستاویز قابل قبول ہے کہ نہیں۔

۔ اپنی ولدیت بارے سرٹیفکیٹ۔ پیدائشی سرٹیفکیٹ جس سے کتلان شہری کی اولاد یا پوتا، پوتی، نواسا، نواسی ہونا ثابت ہو، کتلان شہری کا شریک حیات ثابت کرنے کیلئے فیملی بک وغیرہ

۔ رہائشی ویزہ/اسپین کی حدود میں داخل ہونے کیلئے متعلقہ ملک میں قائم سفارت خانہ یا قونصلیٹ سے غیر یورپی شہری ہونے کی وجہ سے کام اور رہائشی اجازت نامہ کیلئے ویزہ لینا ضروری ہوگا

2۔ ایک بار کتلونیا میں مستقل رہائش کیلئے آنے کے بعد مندرجہ ذیل دفتری کاروائی کو مکمل کرنا ہوگا

۔ اپنی متعلقہ کارپوریشن کے رہائشی رجسٹریشن دفتر میں اندراج کروانا ہوگا

۔ کسی بھی میونسپل کارپوریشن کا ایمپا درونا منت سرٹیفکیٹ جہاں آپ رہنا چاہتے ہیں یا جہاں آپ کے آباؤ اجداد کی رہائش گاہ موجود ہے جس کے بعد ہی ایک امیگرنٹ کی بجائے آپ کو کتلان وطن واپسی کی حیثیت سے شہری کا درجہ حاصل ہوگا

جب آپ وطن واپسی پلان کیلئے مالی امداد پراجیکٹ کیلئے کام کر رہے ہوں تو آپ کو چاہئے کہ آپ متعلقہ دفتر میں بطور کتلان شہری واپسی بارے مطلع کریں تاکہ وہ آپ کا اندراج کر لیں

وطن واپسی پلان کیلئے مالی امداد کے حصول کیلئے مندرجہ بالا کتلان شہری واپسی دستاویز اور آخری 12 مہینے کی اپنی اور اپنے اہل خانہ کی آمدنی کا ریکارڈ اور اس کے علاوہ دوسرے ثبوت جو پلان واپسی کا ادارہ آپ سے طلب کرے